ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

30-09-2021

بہاولپور()ڈی پی او محمد فیصل کامران کی کھلی کچہری، شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی کا تسلسل برقرار، 47 شہریوں کی شرکت، کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ میرے اور شہریوں کے درمیان کوئی فاصلہ نا ہو، مقدمات کی تفتیش بہتر کرنے اور ملزمان کی گرفتاریوں کیلئے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے عوامی مسائل کے فوری حل کے حوالے سے جاری احکامات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے کھلی کچہری میں شریک 47 شہریوں کے مسائل خود سن کر فوری انصاف کی فراہمی کا تسلسل برقرار رکھا، دوران کھلی کچہری انفرادی طور پر شہریوں کے سامنے متعلقہ افسران کو آن کال پر احکامات جاری کیے اور درخواستوں پر دیے گئے متعینہ وقت میں رپورٹ ڈی پی او آفس بھجوانے کے احکامات بھی جاری کیے، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اس موقع پر شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو ریلیف مہیا کرنے کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کرتا ہوں تا کہ میرے اور عوام کے درمیان کوئی فاصلہ نہ رہے، آپکی شکایات کو ہر اولین ترجیح کے طور ہر حل کیے جا رہے ہیں۔ پولیس افسران کو اس حوالے سے واضح ہدایات ہیں جن پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ جبکہ ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران کو مقدمات کی تفتیش بہتر کرنے اور ملزمان کی گرفتاریوں کے حوالے سے ہدایات جاری کی گئی ہیں۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے،

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ
پریس ریلیز
30-09-2021

بہاول پور() ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب کے حکم پر پولیس کا جنرل ہولڈ اپ، پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف بھرپور ایکشن، 04 کیٹگری A کے مجرمان اشتہاریوں سمیت منشیات فروش اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد، مقدمات درج، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت خاطر ہم اپنے فرائض سے غافل نہیں، بہاولپور پولیس دن رات الرٹ رہ کر ضلع بھر میں امن وامان قائم کرنے کی خاطر کوشاں ہے تا کہ شہری چین کی نیند سو سکیں، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی ہدایت کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی قیادت میں بہاول پور پولیس نے گذشتہ سے پیوستہ رات 08 بجے سے رات 09 بجے تک ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز، ڈسٹرکٹ پولیس، ایلیٹ فورس اور دیگر یونٹس نے اہم مقامات پر ناکہ بندی بسلسلہ جنرل ہولڈاپ کا انعقاد کیا، پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے مجرمان اشتہاری، منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کو جیل پہنچایا، دوران جنرل ہولڈ اپ کیٹگری A کے 04 اور ''B'' کیٹگری 21 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا گیا، غیر قانونی اسلحہ کے 09 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 07 پسٹلز 30 بور، 02 بندوق 12 بور کے علاوہ کثیر تعداد میں گولیاں بھی برآمد کر لیں، شراب فروشی کے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 120 لیٹر شراب جبکہ منشیات کے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے 1350 گرام چرس اور 15 کلوگرام بھنگ برآمد کر لی، متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے، دوران جنرل ہولڈاپ مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ و وہیکلز کی بھی چیکنگ کی گئی، عوام الناس کی جان و مال کی حفاظت خاطر ہم اپنے فرائض سے غافل نہیں، بہاولپور پولیس دن رات الرٹ رہ کر ضلع بھر میں امن وامان قائم کرنے کی خاطر کوشاں ہے تا کہ شہری چین کی نیند سو سکیں، ان خیالات کا اظہار ڈی پی او محمد فیصل کامران نے جنرل ہولڈاپ کے دوران مختلف مقامات کی چیکنگ دوران کیا۔

جام محمد ساجد
ترجمان پولیس

بہاول پور: پولیس کی جنرل ہولڈ اپ کے دوران کارروائیاں، مجرمان اشتہاری، منشیات فروش اور غیر قانونی اسلحہ کے ملزمان گرفتار، مقدمات درج۔